75

Good!
May 23, 1986

# پروگرام نمبر

۱

سامعین! انجیل مقدس کی تاریخ چار رویاؤں کے ایک سلسلے سے
شروع ہوتی ہے۔ اِن میں سے تین رویائیں مسیح یسوع کی پیدائش سے پہلے
ظاہر ہوئیں اور ایک رویا اُن کی پیدائش کے فوراً بعد ظاہر ہوئی۔ یعنی وہ جو چرواہوں کو
دکھائی دی۔ تو آئیے! پہلے اُن تین رویاؤں کا حال سُنیں جو مسیح یسوع کی پیدائش سے
پہلے ظاہر ہوئیں۔ زکریاہ ایک عمر رسیدہ نیک چال چلن رکھنے والا کاہن تھا۔ ہیکل میں اپنے
فرائض کی ادائیگی کے دوران جبرائیل فرشتہ جس نے دانی ایل پر مسیح کی آمد ظاہر کی تھی زکریاہ
پر ظاہر ہوا۔ اور اعلان کیا کہ میاں بیوی کی دُعاؤں کے مطابق اُسکی بیوی الیشبع کے ہاں بیٹا
پیدا ہوگا۔ اِس وعدے کی ایک علامت اور مُہر کے طور پر زکریاہ پر گونگا ہونے کا حکم جاری ہوا۔
جب تک کہ وعدے کی تکمیل نہ ہوئی۔ بائبل مقدس میں لوقا پہلا باب اُسکی 13 سے 14 آئیت تک لکھا ہے۔
"فرشتہ نے اُس سے کہا اے زکریاہ! خوف نہ کر کیونکہ تیری دُعا سُن لی گئی اور تیرے لئے تیری بیوی
الیشبع کے بیٹا ہوگا تو اُسکا نام یوحنا رکھنا اور تجھے خوشی و خرمی ہوگی اور بہت سے لوگ اُسکی
پیدائش کے سبب سے خوش ہوں گے۔" زکریاہ پر ظاہر ہونے والی اِس
رویا کے بعد دوسری رویا مریم پر ظاہر ہوئی۔ مریم کا الیشبع سے خونی رشتہ تھا۔ وہ
داؤد کی نسل میں سے تھی۔ وہ کنواری تھی اور اُسکی منگنی یوسف نامی ایک شخص سے طے پا چکی
تھی۔ وہی فرشتہ جو زکریاہ کے پاس گیا تھا۔ خوشی کا یہ پیغام پہنچانے کیلئے مریم کے پاس بھی
بھیجا گیا کہ اُس کے ہاں بھی ایک بیٹا پیدا ہوگا۔ اِس سبب سے کہ اُسکی پیدائش روح القدس
کی تخلیقی قوت سے ہوگی وہ ابن خدا کہلائے گا۔ اور بنی نوع انسان کا مُنجی ہوگا۔ بائبل مقدس میں
لوقا پہلا باب اُسکی 30 سے 32 آئیت تک لکھا ہے۔ "فرشتہ نے اُس سے کہا اے مریم! خوف نہ کر
کیونکہ خدا کی طرف سے تجھ پر فضل ہوا ہے اور دیکھ تو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا۔ اُسکا نام یسوع
رکھنا۔ وہ بزرگ ہوگا اور خدا تعالے کا بیٹا کہلائے گا۔ اور خداوند خدا اُسکے باپ داؤد کا تخت اُسے دیگا۔"
خوشی سے پھولے نہ سماتے ہوئے مریم اپنی جائے رہائش ناصرت سے جو گلیل میں واقع تھی۔ یہودیہ
کے پہاڑی علاقہ میں اپنی رشتہ دار الیشبع سے ملنے گئی۔ اور جب مریم واپس ناصرت لوٹی۔ تو اُسکی
خوشیوں پر غم کے بادل چھا گئے۔ کیونکہ یہودیوں میں منگنی کی رسم بھی اتنی ہی مقدس سمجھی جاتی تھی جتنی
شادی کی۔ چنانچہ اِس واقعہ کے سبب سے جس سے معلوم ہوتا تھا کہ مریم نے بندھن توڑ ڈالا۔
وہ ایک ذلت آمیز موت کے خطرے میں جا گری۔ اِس منزل پر ایک تیسری رویا کے ذریعے یوسف
پر روشن ہوا کہ اِن واقعات کا اعلیٰ مطلب یہ ہے کہ بیٹا نہ صرف موعودہ ہے بلکہ نبوتاً اُسکا نام عمانوایل

ہوگا جسکا مطلب ہے خدا ہمارے ساتھ۔ بائبل مقدس میں متی پہلا باب اُسکی 20 سے 21 آئیت
تک لکھا ہے " خداوند کے فرشتہ نے اُسے خواب میں دکھائی دے کر کہا اے یوسف ابنِ داؤد! اپنی
بیوی مریم کو اپنے ہاں لے آنے سے نہ ڈر کیونکہ جو اُس کے پیٹ میں ہے وہ روح القدس کی
قدرت سے ہے۔ اُس کے بیٹا ہوگا اور تو اُسکا نام یسوع رکھنا کیونکہ وہی اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں
سے نجات دے گا۔"

اور سامعین! الہٰی قدرت کا کمال دیکھئے کہ عین وقت پر دونوں وعدے پورے ہوئے یعنی
الہٰی حکم کے مطابق زکریاہ اور الیشبع کا بیٹا یوحنا کہلایا۔ چند ماہ بعد مریم کے ہاں اُسکا پہلوٹھا پیدا ہوا
اور رؤیا کے مطابق اُسکا نام یسوع رکھا گیا یعنی منجی۔ اِس موقعے پر بھی جیساکہ بہت سے دیگر معاملات
میں ہوا انسانی منصوبہ غیر شعوری طور پر الہٰی مقصد کی خدمت میں نکلا۔ پیشن گوئی کے مطابق مسیح کی پیدائش
بیت لحم میں ہونے کو تھی لیکن مریم کی رہائش دُور دراز ناصرت میں تھی۔ قیصر اوگوستُس کے مردم شماری
کے حکم کی وجہ سے یوسف اور مریم اپنے آبائی گاؤں بیت لحم گئے۔ اِس سے پہلے کہ یوسف، مریم کے
واسطے کوئی مناسب انتظام کر سکتا اُسی نازک موقعہ پر دردِ زہ شروع ہوئے۔ سرائے میں
تل دھرنے کو جگہ نہ تھی۔ حلیم جوڑے نے طویلہ ہی میں سر چھپانے پر قناعت کی۔

جب قیصر اوگستُس اپنی مملکت کی توسیع کے منصوبوں میں مصروف تھا اور ہیرودیس اعظم نئی زیادتی کی سازشیں
کر رہا تھا اور دُنیا کے دیگر مشہور لوگ اپنی اپنی راہ لے رہے تھے غرضیکہ جب ان سب کو اِس عظیم
واقعہ کا کوئی پتہ نہ تھا۔ اِس طریقے سے ابنِ آدم جس میں الوہیت کی ساری معموری مجسم تھی پیدا ہوا۔
دُنیا اپنے بادشاہ کی آمد سے بے خبر تھی مگر ایسے موقع پر آسمان خاموش نہیں رہ سکتا تھا۔ نہ بادشاہوں
اور اُن کے درباریوں کیلئے نہ مغرور کاہنوں کیلئے اور نہ شان وشوکت والے فریسیوں کیلئے بلکہ
حلیم چرواہوں کیلئے جو اُس کے عاجز جھونپڑے کے پاس گئے اور اِس لئے دُنیا کے تمام باشندوں
میں پہلے تھے جو دُنیا کو مخلصی دینے والے کی تعظیم کرنے گئے۔ محض اُن کیلئے فرشتوں نے اپنا
گیت " زمین پر صلح " گا کر خوشی کا مژدہ سُنایا۔ وہ چرواہے دُنیا کے عوام کے نمائندے
اور پیش رو ہیں یعنی اُن لوگوں کے جو خوشی سے اُسکی سُنتے ہیں۔

بائبل مقدس میں لوقا 2 باب اُسکی 8 سے 14 آئیت تک لکھا ہے " اُسی علاقے میں چرواہے
تھے جو رات کو میدان میں رہ کر اپنے گلّہ کی نگہبانی کر رہے تھے اور خداوند کا فرشتہ اُن کے
پاس آ کھڑا ہوا اور خداوند کا جلال اُنکے چوگرد چمکا اور وہ نہایت ڈر گئے۔ مگر فرشتہ نے
اُن سے کہا ڈرو مت کیونکہ دیکھو میں تمہیں بڑی خوشی کی بشارت دیتا ہوں جو ساری اُمت

کے واسطے ہوگی کہ آج داؤد کے شہر میں تمہارے لئے ایک منجی پیدا ہوا ہے یعنی مسیح خداوند اور
اسکا تمہارے لئے یہ نشان ہے کہ تم ایک بچے کو کپڑے میں لپٹا اور چرنی میں پڑا ہوا پاؤگے۔
اور یکایک اُس فرشتہ کے ساتھ آسمانی لشکر کی ایک گروہ خدا کی حمد کرتی اور یہ کہتی ظاہر ہوئی
کہ عالمِ بالا پر خُدا کی تمجید ہو اور زمین پر اُن آدمیوں میں جن سے وہ راضی ہے صُلح ہو۔

آئیے! چند لمحوں کیلئے دُنیا کے تفکرات اور ہنگاموں سے کنارہ
کرکے اُس مقدس رات کے جلالی منظر میں کھو جائیں جس رات خداوند کے فرشتہ نے چرواہوں
کو ابدی خوشی کا وہ پیغام سُنایا جو ساری اُمت کو زوال کی پستیوں سے نکال کر عروج کی
بلندیوں سے ہمکنار کر سکتا ہے ۔ ذرا تصور کیجئے ••• مقدس رات ••• چرواہے
خداوند کا فرشتہ ••• خداوند کا جلال ••• خوشی کی بشارت ••• ایک منجی یعنی مسیح خداوند

گیت: چرواہے رات کو — S.NO 12 DUR 0.16, 4.22

ابھی آپ نے اِس پروگرام میں مسیح یسوع کی پیدائش سے متعلق رویاؤں، اُن کی پیدائش اور خوشی کی اُس بشارت کے بارے میں سُنا جو خُداوند کے فرشتہ نے سب سے پہلے چرواہوں کو دی۔ ہمارے اگلے پروگرام کا موضوع ہے، مسیح یسوع کی پیدائش کے موقع پر مجوسیوں کی آمد، ہیرودیس کا فرمان کہ بیت لحم میں قتلِ عام ہو اور اِس لئے یوسف کا مصر کو راہِ فرار اختیار کرنا۔ ہمیں یقین ہے کہ نہ صرف آپ خود یہ پروگرام سُنیں گے بلکہ اپنے دوستوں کو بھی دعوت دیں گے کہ ہمارے ساتھ شامل ہوں جب ہم دوبارہ کلامِ الٰہی میں انسانی عروج وزوال پیش کریں گے۔

بہنو اور بھائیو! اپنی معلومات میں اضافہ کرنے کیلئے
اور کلامِ الٰہی کے گہرے مطالعے کیلئے اگر آپ ہمارے نشر کردہ
اِس پروگرام کا مسودہ حاصل کرنا چاہیں تو ہمیں لکھ کر
مسودہ نمبر 75 طلب کریں۔
پروگرام کے پتے کا اعلان ہم اِس پروگرام کے آخر میں کریں گے
یہ مسودہ آپکو تقریباً چھ ہفتے میں مل جائیگا۔
اب اجازت دیجئے

خدا حافظ